اِنسانی جسم میں برق کا معجزہ

اِنسانی جسم میں برق کا معجزہ

مصنف

ہارون یحییٰ

مترجم

محمد نذیر احمد

M. Sc.; B. Ed.

ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی۶

© جملہ حقوق بحقِ مصنف محفوظ

THE MIRACLE OF ELECTRICITY IN HUMAN BODY

by
Harun Yahiya

Translated by
Mohammed Nazir Ahmed
18852 N, Woodale Tr
Lake Villa, IL 60046 U.S.A

Year of Edition 2014
ISBN 978-93-5073-405-6

نام کتاب	:	اِنسانی جسم میں برق کا معجزہ
مصنف	:	ہارون یحییٰ
مترجم	:	محمد نذیر احمد
سنہِ اشاعت	:	۲۰۱۴ء
مطبع	:	عفیف پرنٹرس، دہلی۔۶

Published by
EDUCATIONAL PUBLISHING HOUSE
3108,Vakil Street, Kucha Pandit, Lal Kuan, Delhi-6(INDIA)
Ph : 23216162, 23214465, Fax : 0091-11-23211540
E-mail: info@ephbooks.com,ephdelhi@yahoo.com
website: www.ephbooks.com

اونچی ہے ثریّا سے بھی یہ جسدِ خاکِ پُر اسرار

آغوش میں اسکی وہ تجلّی ہے کہ جس میں
کھو جائیں گے افلاک کے سُب ثابت و سیّار

اقبال

فہرست

- تمہید: ہماری زندگیوں کا انحصار...... 15
- ذہانتی خاکہ ــــ دوسرے الفاظ میں...... 17
- الیکٹریسٹی (برق): جسم کی ناگزیریہ...... 18
- ہمارے اجسام میں برقی باقاعدگی 20
- اعصابی نظام: ہمارے اجسام میں...... 24
- اعصاب (Nerves):...... 26
- Neurons: خلیات جو برقی...... 28
- نیورانس: سگنلس لے جانے کیلئے...... 30
- ڈنڈرائٹس اور آگزانس: 33
- اُمورِ معلومہ (احکامات و ترسیلات) 35
- Synapses اور مستقل طور...... 36
- ہمارے آقا کی کاریگری اور علم...... 39
- نیورانس: ایک اور مثال جو نظریہ...... 40
- عدم مداخلتی ترسیلاتی جال...... 42
- خلیات (Cells) جو کہ پیدا 42
- خلوی جھلی کے خاص ڈیزائن...... 44
- Nerve Cells میں طریقہ...... 50
- Nodes of Rnavier...... 55
- سگنل منتقلی میں رفتار 56
- کیا ہوتا ہے جب تم ایک کیلئے...... 58
- مائٹوکانڈریہ (Mitochondria) 59
- جسم کی الیکٹرانک گھڑی 61
- خون، انسانی زندگی کا منبع،...... 62
- درد کے احساسات کے پیچھے...... 63
- درد کے احساسات اور تکلیف: 64
- درد کے احساس کے پیچھے ذہانت...... 65
- روشنی کی توانائی کا بصارتی ادراک...... 65
- تین ابعادی دُنیا جو بھیجہ میں بنتی ہے 67
- خوشبو کے سالموں (Molecules)..... 68
- الیکٹریکل سگنلس سمجھتے ہیں بطور...... 70
- سمجھ الیکٹریکل سگنلس کی بطور آواز کے 71
- توازن اور حرکات 74
- مماثل (ایک جیسے) سگنلس بہت...... 76
- لُبِ لُباب: حواسی دُنیا جو ہمارے...... 77
- ہماری زندگی، ایک خواب سے مختلف... 79
- اللہ کی طرف سے ہماری حفاظت 80
- بے عیب بناوٹ جو جنین (Embryo) 81
- بے عیب بناوٹ کا ٹائم ٹیبل 82
- خلیہ کے نقل مکانی میں معجزہ 90
- ہمارے اجسام کا الیکٹریکل نظام...... 91
- اِنسانی بھیجہ کا ارتقاء: ایک کم عقلی...... 93
- کھوپڑیاں (Skulls) جو جسامت...... 95
- اتفاق بھیجہ کی حفاظت کا تیقن نہیں...... 98
- ماحصل: اللہ ہر چیز کو اپنے احاطہ...... 102
- دِل: ایک بے مثال پمپ 105
- پمپس اور کھلمند نوں کی ایک...... 106
- دِل کا الیکٹرانک نظام اور جنریٹر 107
- دل کے خلیات اور الیکٹریسٹی...... 110

- Pace Maker جو دِل کے...... 111
- Atrioventricular Noder 115
- دِل کی کارکردگیوں میں آکسیلیٹر...... 117
- ہنگامی حالات میں سنگل 120
- تمام اوامر (فیاکٹرس)...... 122
- مسکولر نظام جو برقی توانائی...... 123
- کام جو برقی رُو سے وقوع پذیر...... 124
- کیسے مسلس سکڑتے (انقباض)...... 126
- ALS نامی مرض کے اثرات 130
- مسل خلیت میں الیکٹریکل آرڈر 131
- سالمے جن کی اہمیت مرض 134
- جسم کے اُمورِ معلومہ (Data)...... 136
- ہمارے اجسام میں باہمی ارتباط...... 138
- مسل کی حرکت اور آرڈر...... 139
- کیلشیم: معادنوں سے ایک ہے...... 139
- ہضمی نظام کے مسلس میں...... 140
- بھیجہ: ہمارا بے مثال کمپیوٹر...... 142
- ہمارے بھیجوں میں دُنیا کا بہت ہی...... 144
- بے عیب ترسیلات، ہمارے...... 145
- ہمارے اجسام کے ترسیلی نٹ ورک... 149
- بھیجہ: صدر مقام جو کہ الیکٹریسٹی...... 151
- ایک بنانے کی صلاحیت زیادہ...... 154
- بھیجہ کی مشابہتی طور پر امورِ معلومہ 156
- علاقہ جات جو بناتے ہیں بھیجہ کو...... 159
- سریبلم (Cerebellum)...... 160
- Brain Stem: جسم کا خود...... 161
- Hypothalamus 161
- Modular نظام بھیجہ میں 163
- کمپیوٹرس جو بھیجہ کی نقل کرنے کی...... 164
- نخاعی کالم جو ہنگامی حالات...... 164
- ہمارے آقا کی بھیجہ میں تخلیق...... 166
- برقی رُو سے اہم معلومات لے...... 167
- کیسے الیکٹریکل سگنلس لمس...... 169
- اثر پذیری لولس کے پیچھے...... 170
- لمس ریسپٹرس کے پیچھے پچھی...... 171
- درد کے احساسات کے پیچھے کی...... 172
- درد اور تکلیف کے احساسات...... 173
- ذہانت، درد کے احساس کے پیچھے...... 173
- روشنی کی توانائی کا بصارتی ادارک...... 174
- خوشبو کے سالمات کا الیکٹریکل...... 177
- الیکٹریکل سگنلس محسوس کرتے...... 178
- الیکٹریکل سگنلس کی سمجھ بطور آواز کے 179
- توازن اور حرکات 182
- ایک جیسے سگنلس لے جاتے ہیں...... 184
- اختتام: خیالی دُنیا جو تخلیق کی گئی...... 185
- ہماری زندگی، ایک خواب سے...... 188
- ہم پر اللہ کی حفاظت: ارتکاز...... 189
- بے عیب بناوٹ جو جنین کے ساتھ...... 190
- بے عیب بناوٹ کا نظام العمل 191
- خلیہ کے نقل مقام میں معجزہ 198
- ہمارے اجسام کے الیکٹریکل نظام...... 200
- اِنسانی بھیجہ کا ارتقاء: ایک کم عقلی...... 201
- کھوپڑیاں جو جسامت کے لحاظ...... 204
- اتفاق بھیجہ کے تحفظ کا تیقن نہیں...... 207
- اختتام: اللہ ہر جگہ ہر سُو پھیلا ہوا ہے 211
- نظریہ ارتقاء ایک دھوکہ 213 تا 240

تعارف مصنف

عدنان اختر، مصنف، ہارون یحیٰ کے قلمی نام سے لکھتے ہیں، انقرہ میں 1956ء میں پیدا ہوئے تھے۔ابتدائی اور ثانوی تعلیم انقرہ میں مکمل کرنے کے بعد اُنہوں نے آرٹس کی تعلیم استنبول کے معمار سنان جامعہ سے اور فلاسفی کی تعلیم استنبول یونیورسٹی سے حاصل کی تھی۔1980ء کے دہے سے انہوں نے سیاست، سائنس اور عقیدہ سے متعلق مسائل پر کئی ایک کتابیں شائع کردائی ہیں۔ ہارون یحیٰ نے، بحیثیت مصنف کے ارتقاء پسندوں کے جھوٹے دعوؤں کا پول کھولنے میں اور فاسیزم اور ڈارونیزم و کمیونزم کے درمیان سیاہ گٹھ جوڑ پر اہم کام سرانجام دینے کے لئے کافی عالمی شہرت رکھتے ہیں۔

ہارون یحیٰ کے کام کا ترجمہ دُنیا کے 63 مختلف زبانوں میں ہوا ہے، جو مجموعی طور پر 55 ہزار صفحات اور 40 ہزار تصویری توضیحات رکھتا ہے۔

ان کا قلمی نام دو مقدس پیغمبروں کی یاد میں رکھا گیا ہے، جنہوں نے عدم عقیدگی کے خلاف جدوجہد کی تھی۔پیغمبر کی مُہر کتابوں کے Cover پر اِس بات کی علامت ہے کہ اُن کے کتابوں کے متن، پیغمبر کے عزم سے منسلک ہے، یہ نمائندگی کرتی ہے قرآن اور پرافٹ حضرت محمدؐ کی۔قرآنی اور سنت کی رہنمائی میں مصنف اپنا عین مقصد سمجھتے ہیں کہ تردید کریں ہر ایک بنیادی دہریائی نظریات کی اور رکھے رسول اللہ کے آخری خطبہ کو ہمیشہ پیش نظر تا کہ مذہب کے خلاف اُٹھنے والے سارے اعتراضات کو مکمل طور پر خاموش کراسکیں۔آخری پیغمبر، جن کو انتہائی ذہانت اور اکمل ترین اخلاق حاصل ہیں، کی مہر کو بطور

ایک علامت عزم کے رکھتے ہیں، پورا کرنے رسول اللہ کے آخری خطبہ کو، عزم محکم کے ساتھ۔

ہارون یحیٰ کے سارے کام اپنے آپ میں رکھتے ہیں ایک واحد مقصد—— تشہیر افکار قرآنی—— قارئین کی ہمت افزائی کرنا سمجھنے عقیدے سے متعلق بنیادی مسائل کو، اللہ کا وجود اور اُس کی وحدانیت، بعد کی زندگی، اور دہریائی نظاموں کے کمزور بنیادوں اور اُن کے بگڑے ہوئے نظریات کو طشت از بام کرنا، ہوتا ہے۔

کئی ایک ممالک میں ہارون یحیٰ کو پڑھا جاتا ہے، انڈیا سے امریکہ تک، انگلینڈ سے انڈونیشیا تک، پولینڈ سے بوسینیہ تک، اسپین سے برازیل تک، ملیشیا سے اٹلی تک، فرانس سے بلغاریہ اور روس تک۔

اِن کی بعض کتابیں ذیل کی زبانوں میں دستیاب ہیں:- انگلش، فرنچ، جرمن، اسپانش، ایٹالین، پرتگیز، اردو، عرابک، البینیسن، چائینز، سواہیلی، باسا، دھیویہی، روسی، سربو-کروٹ بوسنین، پولیش، مالے، یویگیر، ترکی، انڈونیش، بنگالی، ڈانش اور سویڈش وغیرہ میں۔

ان کتابوں کی ساری دُنیا میں قدردانی ہے۔ یہ کتابیں ایک بہترین ذریعہ رہی ہیں، کئی ایک لوگوں کے لئے، دوبارہ ایمان لانے اللہ پر اور حاصل کرنے بالغ نظری اپنے عقیدہ میں۔مصنف کی کتابیں ادراک اور اخلاص اور امتیازی طرز تحریر کے ساتھ سمجھنے میں آسان، بالراست اثر انداز ہونے میں بے مثل ہوتے ہیں۔ ہر ایک جو اِن کو پڑھتا ہے وہ سنجیدگی کے ساتھ سمجھتا ہے اِن کتابوں کے متن کو، اور بیشتر قارئین تائید نہیں کرپاتے تھے۔ دہریت کی یا کوئی بگڑے ہوئے نظریات کی یا مادی فلاسفی کی۔ کیونکہ یہ کتابیں تیزی سے اثر انداز ہونے کی، خاطر خواہ نتائج پیدا کرنے کی، اور ناقابل تردید صلاحیتوں کو اُبھارنے کی خاصیت رکھتی ہیں۔حتٰی کہ اگر پڑھائی کے عمل کو بدستور جاری رکھا جائے تو وہ ایک جذباتی اصرار بھی پیدا کرتے ہیں، کیونکہ یہ کتابیں، دہربائی نظریات کو سیدھے اُن کی بنیادوں سے اُکھاڑ پھینکتے ہیں۔

تمام دور حاضر کے انکاری تحریکات اب نظریاتی طور پر شکست فاش سے دوچار

ہو چکے ہیں۔ اللہ کا شکر ہے کہ ہارون یحیٰ کی کتابیں اِس فیلڈ میں اہم ترین کام انجام دے رہی ہیں۔ بے شک یہ نتیجہ ہے قرآن کی ذہانت اور صاف گوئی کا۔ مصنف سادگی سے اِرادہ کرتے ہیں خدمت کرنے کا، بطور ایک مقصد کے انسانیت کی تلاش میں اللہ کے صراط مستقیم کے لئے۔ ویسے اِن کتابوں کی اشاعت میں کوئی مالی نفع کارفرما نہیں ہے۔

اور جو دوسروں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں، پڑھنے ان کتابوں کو، کھولنے اُن کے دماغوں کو اور دلوں کو، اور اُن کی رہبری کرتے ہیں، ہونے زیادہ خودسپرد بندے اللہ کے، گویا کہ کرتے ہیں ایک عمدہ خدمت اللہ کی راہ میں۔

اِس دوران، یہ تضیع اوقات اور توانائی ہوگا، اور اگر اور دوسری کتابوں کو بڑھاوا دیں جو لوگوں کے ذہنوں میں ابتری (Cofusion) پیدا کرتے ہیں، لے جاتے ہیں قارئین کو نظریاتی اختلال (بدنظمی) کی طرف اور جو اپنی کتابوں میں واضح طور پر نہیں رکھتے کوئی مضبوط اور جامع اثرات دور کرنے لوگوں کے دِلوں کے شبہات کو، ایسے میں وہ کیا تصدیق کر سکتے ہیں اپنے سابقہ تجربات سے۔ اور قارئین پر کتابوں کا اثر انداز ہونا ناممکن ہو جاتا ہے جبکہ کتابوں کا اِس طرح سے ترتیب پانا کہ اُن سے مصنف کی ادبی طاقت پر زور دینا ملحوظ ہوتا ہے، بجائے اِس کے لوگوں کو عقیدہ کھو دینے سے محفوظ رکھنے کا بلند تر مقصد پیش نظر ہو۔

یہ بلند تر مقصد ایک بڑا اثر مرتب کرتا ہے ایمان کو مضبوطی سے قائم رکھنے میں۔ وہ جو اِس بات پر شک کرتے ہیں، دیکھ سکتے ہیں کہ ہارون یحیٰ کی کتابوں کا مقصد، بداعتقادی پر قابو پانا اور تشہیر افکار قرآنی ہے۔ کامیابی اور اطلاق ظاہر ہوتا ہے قارئین کے اعتقاد میں۔ ایک بات ہمیشہ دماغ میں رکھنی چاہیے کہ لوگوں کی اکثریت کے لئے ظلم، برائیاں اور دوسرے خوفناک واقعات کو برداشت کرنے کی اہم وجہ بداعتقادی کے نظریات کا پھیلاؤ ہے۔ یہ سب معاشرے کی برائیاں، بداعتقادی کے نظریات کی شکست سے ختم ہو سکتے ہیں۔

جب ہم پہنچاتے ہیں خدائی تخلیق کے عجوبے، اور قرآنی اخلاقی اقدار اور سائنسی انکشافاتی معلومات لوگوں تک، تو لوگ اِن تعلیمات پر عمل کر کے سکھ اور چین کی زندگی گذار سکتے ہیں۔ اگر دُنیا کی موجودہ حالت پر غور کرتے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ یہ حالات دُنیا کو

لے جا رہے ہیں تشدد، بدنظمی اور جھگڑوں کے بھنور میں، لہٰذا صاف طور سے ہماری آواز کو وقت کی پکار بنانے کے لئے ہمیں اپنے لائحہ عمل متاثر کن انداز میں تیز رفتاری سے انسانیت کے سامنے پیش کرنا ہوگا، ورنہ بعد از وقت کی بات ہو جائے گی۔

اِس کوشش میں ہارون یحیٰ کی کتابیں ایک اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ اللہ کے کرم سے یہ کتابیں ہوں گی ایک اہم وسیلہ جس کے ذریعہ 21 ویں صدی کے لوگ حاصل کر سکیں گے امن، انصاف اور خوشی، جیسا کہ قرآن میں وعدہ کیا گیا ہے۔

☆☆

قارئین سے خطاب

ایک خاص باب (Chapter) نظریہ اِرتقاء کے خاتمہ پر، مختص کرنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ نظریہ تمام روحانی فلسفوں کی مخالفت کی بنیاد ہوتا ہے، گذشتہ ڈیڑھ سو سالوں کے دوران ڈاروینیزم، تخلیق کی حقیقت سے انکار اور اللہ کے وجود کی نفی کرتا رہا ہے، لوگوں کو اُن کے عقیدے سے برگشتہ کرنے اور عقائد سے متعلق دِلوں میں شبہات پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتا رہا ہے۔ ایک لحاظ سے یہ نظریہ اِرتقاء کی ترجمانی کرتا ہے۔ اِس لئے عوام کا ایک اہم فریضہ اور ناگزیر ضرورت ہے کہ سمجھیں کہ نظریہ اِرتقاء ایک دھوکہ ہے، اور اِس کی پہنچ سے اپنے آپ کو محفوظ رکھیں۔

ہمارے قارئین میں سے چند ہی پاتے ہیں موقعہ پڑھنے کا ہماری کتابوں میں سے صرف ایک ہی کتاب۔ اس لئے ہم خیال کرتے ہیں کہ یہ مناسب ہوگا۔ رکھ چھوڑیں ہر ایک کتاب میں ایک باب نظریہ ارتقا پر۔ مصنف کی ساری کتابوں میں، عقیدے سے متعلق مسائل، قرآنی آیات کی روشنی میں سمجھائے جاتے ہیں، اور لوگوں کو دعوت دی جاتی ہے کہ جانیں اللہ کے الفاظ اور اُن کے لحاظ سے اپنی زندگیاں گذاریں۔

تمام موضوعات جو اللہ کی آیات سے متعلق ہوتی ہیں، اِس طرح سمجھائی جاتی ہیں کہ قارئین کے دِل و دماغ میں شکوک وشبہات یا سوالات کی کوئی گنجائش باقی نہ رہے۔ پُرخلوص، سادگی اور خوش اسلوب طرزِ تحریر کا استعمال یقین دلاتا ہے کہ ہر عمر کا ہر ایک شخص جو کسی بھی مکتبِ خیال سے وابستہ ہوتا ہے، آسانی کے ساتھ اِن کتابوں کو سمجھ سکتا ہے۔

یہ متاثر کن اور صاف انداز بیان ممکن بناتا ہے پڑھ ڈالنے کتابوں کو ایک ہی نشست میں۔ حتکہ وہ جو سختی سے روحانیت کو رد کرتے ہیں، متاثر ہوتے ہیں اُن حقائق سے جو پیش کئے جاتے ہیں اِن کتابوں میں، اور اِن کتابوں کے متن کی سچائی کو جھٹلانے نہیں پاتے ہیں۔

ہارون یحییٰ کی یہ کتاب اور دوسری تمام کتابیں انفرادی طور پر یا ایک گروپ میں پڑھی اور زیر بحث لائی جاتی ہیں۔ وہ قارئین جو کتابوں سے فائدہ کمانا چاہتے ہیں، اِن مباحث کو بہت ہی کارآمد پاتے ہیں کیونکہ وے ایک دوسرے کو اُن کے اپنے کتابوں سے متعلق تاثرات اور تجربات سے آگاہ کرسکتے ہیں۔

علاوہ ازیں، یہ ایک اسلام کی بڑی خدمت ہوتی ہے کہ لوگ طباعت میں معاون ہوں اور اِن کتابوں کو وسیع پیمانہ پر خاص و عام کرنے میں دلچسپی دکھائیں۔ کیونکہ یہ کتابیں اللہ کی خوشنودی کے لئے لکھی گئی ہیں۔

یوں تو مصنف کی سب ہی کتابیں ایقان سے بھری ہوتی ہیں، اِس لحاظ سے سچے مذہب کو دوسروں تک پہچانے کا سب سے بہتر طریقہ لوگوں کو اِن کتابوں کو پڑھنے کے لئے راغب کرنا اور حوصلہ افزائی کرنا ہوتا ہے۔

اُمید کی جاتی ہے کہ قاری، مصنف کی اور دوسری کتابوں کے آخری صفحات کا بھی بطور خاص مطالعہ کریں گے، جو اِن کے گراں قدر سرچشمہ مواد عقیدے سے متعلق ہوتے ہیں جو نظریہ اِرتقاء کی تردید کرتے ہیں۔

یہ سب کتابیں پڑھنے میں فرحت بخش، سبق آموز اور کارآمد ہوتی ہیں اور ہر لحاظ سے قابل تحسین بھی۔

اِن کتابوں میں بعض دوسرے کتابوں کے برخلاف، تم نہیں پاؤ گے، مصنف کی شخصی رائے زنی کہیں بھی، اور وضاحتیں نا قابل بھروسہ ماخذوں پر مبنی نہیں ہوتی ہیں، طرز تحریر میں مقدس موضوعات سے متعلق عزت واحترام کا بطور خاص خیال رکھا جاتا ہے اور غیر ضروری فضول کے مباحث، جو دماغ میں شبہات اور دِل میں انحراف کا رُجحان پیدا کرتے ہیں، سے احتراز کیا جاتا ہے۔

☆☆

تمہید:

☆ ہماری زندگیوں کا انحصار برقی (الکٹریسٹی) پر ہوتا ہے

بغیر الکٹریسٹی کے، تمہاری زندگی کس کے مثل ہوگی؟

اگر تم کو اوپری منزلوں (Floors) تک بغیر لِفٹ کے جانے کے لئے اور تمہارے رِفریجریٹر میں غذاؤں کو سڑنے گلنے سے روکنے کے لئے ڈھونڈھنا ہوتا ہے ایک راستہ۔ تم T.V واچ نہیں کرسکتے ہو، اپنے ڈنر کو Microwave میں گرم نہیں کرسکتے ہو، سُن نہیں سکتے ہو تمہارا کوئی دل پسند موسیقی اِسٹیریو پر، اپنے بالوں کو جلدی سے سُکھا نہیں سکتے ہو، ایرکنڈیشنگ کے ذریعہ اپنے بستر اِستراحت کو ٹھنڈا نہیں کرسکتے ہو، ایک سوئچ کی ایک حرکت کے ساتھ اپنے کمرے کو روشن نہیں کرسکتے ہو یا عمل میں لا نہیں سکتے ہو ضروری مشینوں کو مثل ڈِش واشر کے، واشنگ مشین اور کپڑوں کے ڈرائر کو۔

رات کے وقت، تمہارا گھر تاریکی میں ڈوبا اور غیر محفوظ ہوتا ہے، اور تم محروم رہ رہے ہوتے ہو کئی ایک وقت کی بچت کی ٹکنالوجیز سے، جیسے کہ الکٹرک ہیٹرس سے، کیتلیوں، ٹیبل لیمپ، ویڈیوز اور کمپیوٹرس سے —— جو کہ تمام ہماری زندگیوں کو اس قدر آسان تر بناتی ہیں، ایک وسیع پیمانہ پر، ٹرافک، خبررسانی، حمل ونقل، تحفظی نظام، دفاتر، آبرسانی، پیداواری توانائی، نشرواشاعت وپریس، سارے کے سارے کا انحصار برق (الکٹریسٹی) پر بھی ہوتا ہے۔

گرما یا سرما کے دوران پاور کا بلیک آوٹ کہیں بھی اثر انداز ہوتا ہے تو زندگی ایک

طرح سے مفلوج ہو کر رہ جاتی ہے، جو ہوتی ہے برق کی ایک اہم ترین مثال انسانی زندگی میں۔

اگرچیکہ یہ بلیک آوٹ مختصر عرصہ کے لئے ہی کیوں نہ ہو، یہ پتہ دیتی ہے، پیداواری جگہوں پر، بطور ایک بلائے ناگہانی کے۔ اخبارات سرخیوں سے جیسے 'زندگی رُک سی گئی ہے' وغیرہ سے بھرے ہوتے ہیں۔ الکٹریسٹی کی غیر موجودگی میں، ٹرافک لائٹس، ایلویٹرس، پبلک حمل ونقل، اور کمپیوٹرس تمام کے تمام غیر نافذ العمل ہو کر رہ جاتے ہیں۔ لوگ کام پر جانے کے قابل نہیں ہوتے ہیں، اور نہ خرید وفروخت کرنے کے، یا حتّٰی کہ ایک دوسرے سے ربط میں آنے سے محروم رہتے ہیں۔

اِلکٹریسٹی کی اہمیت، اور جس میں خلل اندازی، زندگی کو ایک پورے ٹھہراؤ میں لاسکتی ہے، بلکہ اِس سے بھی زیادہ پریشانی پیدا کرسکتی ہے۔ ٹھیک جیسا کہ ایک شہر کا کارکرد ہونا ایک جچے تُلے نظام العمل کے تسلسل پر انحصار کرتا ہے، اِس طرح سے وہاں پر اِنسانی جسم میں بھی الکٹریسٹی کی ضرورت رہتی ہے، اِن طریقہ ہائے عمل میں جیسے توانائی کی پیداوار میں، خبررسانی میں، تحفظ میں، دیکھ بھال میں، اور مرمت میں اِس کی ضرورت ہوتی ہے۔

المختصر، زندگی، ہمارے جسموں کے الکٹریسٹی نظام کی غیر موجودگی میں، ناممکن ہوجاتی ہے اور جو کہ حتّٰی شہروں میں موجود بجلی کی بہم رسانی کے تاروں کے جال کے مقابلہ میں زیادہ لازمی ہوتی ہے۔

چند ایک جو کہ الکٹریسٹی کا استعمال کرتے ہیں۔ اِس حقیقت پر اپنے تاثر کا اظہار کرتے ہیں کہ، ٹھیک جیسے کہ اُن کا انحصار مشینوں پر ہوتا ہے؟ اُن کے اجسام بھی بغیر الکٹریسٹی کے کارکرد نہیں ہوسکتے ہیں۔ حقیقت بہر حال، یہ ہوتی ہے کہ اِنسانی جسم ایک بے عیب الکٹریسٹی جال سے آراستہ ہوتا ہے، ساتھ میں ذہانتی نظاموں کی موجودگی کے جو کہ بہت ہی پیچیدہ معلومات رکھتے ہیں اور جانتے ہے کہ کیسے الکٹریسٹی توانائی سے فائدہ اُٹھایا جاسکتا ہے۔

حقیقت میں، سائنس داں الکٹرانک میں عام طور سے استعمال ہونے والے اصطلاحات کا استعمال کرتے ہیں تا کہ جسم کے اعصابی نظام کی وضاحت ہوسکے: جیسے

"Generate" (برق پیدا کرنا)، "Circuit" (سرکٹ)، "Current" (برق کا بہاؤ) "Resistence" (برقی رُوکی مزاحمت) ، "Voltage" (وولٹیج)، "Insulation" (برقی نقصان کو روکنے کا ذریعہ)، "Charge" (چارج)، اور وغیرہ وغیرہ۔ اِن اصطلاحات کا استعمال کئے بغیر برقی نظام کی وضاحت سرے سے ہی ناممکن ہوتی ہے۔ حقیقت یہ کہ جو اُصول ٹکنالوجی کی کارکردگی کے لئے ضروری ہوتے ہیں، جو کہ گذشتہ دو صدیوں میں دریافت ہوئے تھے، اِنسانی جسم میں موجود رہے ہیں جب سے کہ پہلی بار وہ تخلیق ہوا تھا، یہ ایک صاف اشارہ ہے اِس بات کا کہ یہ سب اللہ کے اعلیٰ ترین علم کا نتیجہ ہے۔ تفصیلات جو اِس کتاب میں پیش کی گئی ہیں محض چند ایک مثالیں ہیں اللہ کے لامحدود علم کی جن کو کہ ہم فی زمانہ سمجھنے کے قابل ہوئے ہیں۔

☆ ذہانتی خاکہ — دوسرے الفاظ میں، تخلیق

تخلیق کرنے کے لئے، اللہ کو کسی ڈزائن کی ضرورت لاحق نہیں ہوتی ہے، یہ اہم ہوتا ہے سمجھنا مناسب طور پر لفظ ''ڈزائن'' کو۔ کہ اللہ نے پیدا کیا ہے ایک بے عیب ڈزائن اِس کا مطلب یہ نہیں ہوتا ہے کہ وہ پہلے بنایا ہے ایک منصوبہ، اور تب اِس پر عمل پیرا ہوتا ہے۔ اللہ کو کسی بھی ڈزائن کی ضرورت نہیں ہوتی ہے، کسی بھی تخلیق کے لئے۔ اللہ، مالک ہے زمین اور آسمانوں کا، ایسے اِن تمام خامیوں سے بلند ہے۔ اُس کی پلاننگ اور تخلیق وقوع پذیر ہوتے ہیں ایک ہی لمحہ پر۔ جب کبھی اللہ چاہتا ہے ایک چیز کو وجود میں لانا، یہ کافی ہوتا ہے اُس کے لئے صرف کہنا، ''ہوجا!'' جیسا کہ ہم سے کہا جاتا ہے اِن قرآنی آیات میں:

''اُس کا حکم یہی ہے کہ جب کرنا چاہیے کسی چیز کو تو کہے اِس کو 'ہوجا' تو وہ اُسی وقت ہوجائے۔'' (سورہ یٰسین، 82)

''اللہ ہے پیدا کرنے والا آسمان اور زمین کا اور جب حکم کرتا ہے کسی کام کو تو یہی فرماتا ہے اُس کو کہ 'ہوجا' پس وہ ہوجاتا ہے۔'' (سورہ بقرہ، 117)

☆ الکٹریسٹی (برق): جسم کی ناگزیر توانائی

الکٹریسٹی کا عمل دخل ہر جگہ موجود ہے۔

ہر ایک جوہر کا مرکزہ (Nucleus) — ہر چیز کی بنیاد، تم دیکھ سکتے ہو اور مس کر سکتے ہو — ذرات پر مشتمل ہوتا ہے جو بطور پروٹانس اور نیوٹرانس کے جانے جاتے ہیں۔ مرکزہ کے اطراف اِلکٹرانس مسلسل بہت ہی تیز رفتاروں کے ساتھ چکر لگاتے رہتے ہیں۔

پروٹانس ایک مثبت برقی چارج رکھتے ہیں، الکٹرانس ایک منفی چارج رکھتے ہیں۔ عام حالات، باالفاظ دیگر نارمل حالات کے تحت، ایک جوہر (Atom) ایک مساوی مساوی تعداد الکٹرانس اور پروٹانس کی رکھتا ہے، اور چونکہ مثبت اور منفی برقی چارجس ایک دوسرے کا توازن قائم رکھتے ہیں، تو ایک جوہر بے اثر چارجڈ یا نیوٹرلی چارجڈ ہوتا ہے۔ جب وہ توازن بگڑ جاتا ہے — بطور مثال کے، جب ایک جوہر ایک اضافہ الکٹران حاصل کرتا ہے — تو وہ منفی طور پر چارجڈ ہوجاتا ہے، اور برخلاف اِس کے، ایک جوہر ایک الکٹران کھو دیتا ہے، تو وہ مثبت طور پر چارجڈ ہوجاتا ہے۔ مناسب حالات کے تحت، ایسے برقی چارج کے غیر توازنات الکٹرانس کے ایک بہاؤ کی اِبتدا کرتے ہیں، جس کا حوالہ بطور الکٹریسٹی کے دیا جاتا ہے۔ المختصر، الکٹریسٹی توانائی کی ایک شکل ہے جو الکٹرانس کی حرکت سے پیدا ہوتی ہے۔ اِس برقی توانائی کے بغیر، ہمارے اجسام اپنے افعال انجام دینے کے قابل نہیں ہوتے ہیں۔ ہم میں سے ہر ایک کی بقاء کے لئے، الکٹریسٹی بڑی اہمیت کی حامل ہوتی ہے، ساتھ میں ہمارے بات کرنے کی صلاحیت کے لئے، ہمارے رگ پٹھوں (Muscles) کو حرکت میں لانے کے لئے اور ہمارے اطراف پائی جانے والی دُنیا کو محسوس کرنے کے لئے بھی الکٹریسٹی کی سخت ضرورت ہوتی ہے۔ برقی بہاؤ کی غیر موجودگی میں، اہم افعال جسم کے رُک جاتے ہیں؟ اور فرد مفلوج ہوجاتا ہے یا مر جاتا ہے۔ عالم حیوانات کے تمام اراکین — بشمول اِنسانوں کے — خبر رسانی کرتے ہیں، حرکت کرتے ہیں، اور اپنے پانچ حواس خمسہ کا استعمال کرتے ہیں — یہ سب کچھ الکٹریسٹی کے ذریعہ ممکن

ہو پاتا ہے جو کہ ہمارے اجسام میں پیدا ہوتی ہے۔ اگر تم اِس سے قبل ناواقف رہے ہوتے ہو، حتّٰکہ قبل اِس کے کہ تم پیدا ہوئے ہو اِس دُنیا میں، تمہاری زندگی مُنحصر ہوتی ہے میکانیزمس پر جو بدلے میں، انحصار کرتے ہیں الیکٹریسٹی پر، اور تم اپنے اطراف واکناف کی دُنیا سے واقف ہوتے ہو اور نمو پاتے ہو اور بڑھتے ہو اِن میکانیزمس کے ذریعہ۔ یہی وجہ ہے کہ کیوں الیکٹرک شاکس دیئے جاتے ہیں دِل کے مریضوں کو جن کے دِل دھڑکنا بند کر دیتے ہیں۔ ایسی ایک شدید حالت میں، جبکہ کوئی بھی دوائیں یا وٹامنس مریض کو صحت یاب کرنے کے لئے نہیں دی جاسکتی ہیں۔ اگرچیکہ وہاں پر کئی ایک اشیاء ایسی بھی ہوتی ہیں جو جسم کے لئے کارآمد ہو، تاہم سب سے پہلے الیکٹریسٹی کی ضرورت لاحق ہوتی ہے تاکہ دِل کے فعل کو فوری کارکرد کیا جاسکے۔ اور اس طرح، جب جسم کے برقی نظام کو کسی وجہ سے نقصان پہنچتا ہے، تو اِس کا مداوا نہیں ہوسکتا ہے۔ اِس لئے برقی نظام کو پھر سے شروع کرنا ہوگا'' یا ورنہ بافتیں (Tissues) مرنا شروع کرتے ہیں۔

جب ایک دفعہ سائنس داں اِنسانی اجسام میں الیکٹریسٹی کی اہمیت کو جان لیا، تو جامعات (Universities) اپنے میں خاص محکمہ جات قائم کئے جو صرف اس موضوع پر تحقیق کے لئے مختص ہوتے ہیں، اور سائنس داں ایک بہت سارے تحقیقی مقالے اور کتابیں اِس سلسلے میں لکھ ڈالیں۔ آج کل غیر معمولی طور پر تحقیق Bio Electric Systems (زندگی سے وابستہ برقی نظامس) میں زور شور سے جاری ہے۔

Rodolfo Llinas، پروفیسر برائے نیورو سائنس اور صدر محکمہ برائے فزیالوجی اور نیورو سائنس، نیویارک یونیورسٹی میڈیکل سنٹر، کا کہنا ہے کہ تمام جانداروں میں جو حرکت ہوتی ہیں، الیکٹریسٹی سے موجود ہوتی ہے اور جاری رہتی ہے۔ اور کہتا ہے کہ: الیکٹریسٹی صرف واحد ایسی شئے ہے جو کہ کافی متعد اور تیز ہوتی ہے ہماری صلاحیتوں کو جاری رکھنے میں جو بناتے ہیں ہم کو کہ ہم کون ہیں...... ہمارے خیالات، ہماری صلاحیتیں حرکت کرنے، دیکھنے، خواب دیکھنے، تمام وہ سب کچھ جو بنیادی طور پر چلائے جاتے ہیں اور منظّم کئے جاتے ہیں الیکٹریکل پلسس سے۔ یہ سب کچھ تقریباً مثل جو کچھ کہ ہوتا ہے ایک کمپیوٹر میں، بلکہ

بہت آگے ساتھ خوبصورتی اور پیچیدگی کے ساتھ۔

☆ ہمارے اجسام میں برقی باقاعدگی

تمہارا جسم ایک مشین کی طرح ہے جس کو ضرورت ہوتی ہے باقاعدہ دیکھ دیکھ کی ہر دن اور کام کرنے کی الیکٹریسٹی سے۔

جب تم ایک رگ پٹھے (Muscle) کو حرکت میں لاتے ہو، تو برقی پلس (Electrical Discharges) واقع ہوتے ہیں۔ سگنلس جو کہ اعصاب کے ذریعہ، بھیجہ سے بھیجے گئے احکامات ومتعلقہ مقامات تک لے جاتے ہیں، الیکٹریکلس ہوتے ہیں، اور ہوتے ہیں وہ تمام بطور حسّیاتی سگنلس کے جو جسم سے بھیجہ کی جانب حرکت کرتے ہیں۔

خلیہ کی تقسیم اور دل کی دھڑکن فطری طور پر ہوتے ہیں الیکٹریکل۔ حقیقت میں، تمام کیمیائی تغیرات کی بنیاد الیکٹریسٹی پر ہوتی ہے، جو الیکٹرانس کے ذریعہ منتقل ہو رہی ہوتی ہے، بٹتی ہوئی یا سالماتی لول پر بدلتی ہوئی۔ وہاں پر اِنسانی جسم میں، عملی طور پر، کوئی بھی غیر برقی نظامس نہیں ہوتے ہیں۔ حتّٰکہ جب تم حالت سکون میں پڑے رہتے ہو، پیچیدہ فرائض، تمہارے کنٹرول کے باہر، توانائی کی پیداوار سے متعلق انجام پانا شروع کرتے ہیں: جیسے تمہارے دِل کی دھڑکن، آکسیجن کا تمہارے پھیپھڑوں (Lungs) تک پہنچنا، اور بہت ساری خلیاتی کاروائیاں جن کا کہ کبھی شمار نہیں کیا جاسکتا، ہوتی ہیں۔ جسم زندہ رہنے کے لئے، المختصر، الیکٹرو کیمیکل نظامس کو استعمال میں لاتا ہے۔ جسم کا وہ حصہ جو زیادہ تر الیکٹریسٹی پر منحصر ہوتا ہے، اعصابی نظام ہوتا ہے۔ جسم، الیکٹریسٹی کا پیدا کرنا اُس وقت تک جاری رکھتا ہے جب تک کہ وہ کسی حادثہ سے دوچار نہ ہوجائے یا طبعی لحاظ سے نااہل نہ ہوجائے؛ اور ویسے الیکٹریکل توانائی سے، جو وہ پیدا کرتا ہے، وہ اپنے افعال دن اور رات انجام دیتا ہے۔ الیکٹریکل نظامس جانداروں میں اور زیادہ فوائد رکھتے ہیں مقابلہ میں اُن الیکٹریکل نظامس کے جو میکانیکل مشینوں میں ہوتے ہیں۔ اِن فوائد میں سے بہت زیادہ اہمیت کے حامل حیاتیاتی نظامس کی صلاحیت، اپنے آپ کی مرمت کر لینے کی ہوتی ہے۔ جب تم اپنی

انگلی کو کاٹ لیتے ہو، بطور مثال کے، زخم خود سے تھوڑے ہی وقت میں ٹھیک ہو جاتا ہے۔ پھر وہاں ایک برقی سلسلہ ہوتا ہے اِن نظامس کے پیچھے جو ایسا کچھ ہونے کا موقع فراہم کرتا ہے، اور زخم مندمِل ہو جاتا ہے۔

یہ خاصیت وہاں وجود نہیں رکھتی ہے بلکہ الیکٹریکل نظامس سے فوری زخم کو صحت یاب کرنے کے اسباب مہیا کئے جاتے ہیں — اور نہ اِن کے افعال کی نقل کی جا سکتی ہے — کسی بھی مصنوعی مشین سے۔

ہمارے جسم کے اندر الیکٹریکل نظام کا ایک دوسرا فائدہ اُس کی بسیار رُخی کارکردگی ہوتی ہے۔

دورانِ خون، ایمیّون نظام، حرکات وسکنات، خبر رسانی حمل ونقل، ہاضمہ، اخراج — یہ تمام افعال، شکر ہے کہ اعصابی نظام سے وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ اِنسانی ہاتھوں سے بنی برقی مشینیں، برخلاف اِس کے، محدود ہوتے ہیں ایک حد تک یا بمشکل، بہت سارے اِسی طرح کے افعال انجام دیتے ہیں: جیسے اِیرکنڈیشننگ، ہیٹنگ، مِکسنگ، یا جاروب کشی — بلکہ اِس کے علاوہ، وہ کارکردگی کے دوران کافی مقداروں میں توانائی کا استعمال کرتے ہیں۔ برقی توانائی جو جسم سے استعمال ہوتی ہے — باوجود اِس کے، بہت سارے مختلف نظاموں کی کا کارکردگی میں استعمال ہونے کے — پھر بھی غیر معمولی طور پر بہت ہی کم لِولوں پر خرچ ہوتی ہے۔

ہماری روز مرہ کی زندگی میں ''برقی آلات میں جو ہم استعمال کرتے ہیں، استعمال میں آنے والی الیکٹریسٹی کی طاقت — مطلب وولٹیج لِول — ایک مخصوص لِول پر رکھنا ضروری ہوتا ہے۔ بہرکیف، یہ لِولس میں نہ صرف خود مشین سے باقاعدگی لائی جاتی ہے، بلکہ ایک دفعہ اور، خاص اِنسانی ہاتھوں سے بنے مشینوں کے ذریعہ بھی ترتیب دیئے جاتے ہیں۔ آڈاپٹرس اور وولٹیج رِگوولیٹرس، ایک متوازن برقی رُو کی طمانیت کے لئے استعمال میں لائے جاتے ہیں۔ ورنہ، مشین کی ساری کارکردگیاں ترمیم نہ ہو سکے۔

اِنسانی جسم میں، بہر حال، یہ تمام ترتیبات حتٰکہ بغیر تمہاری اُن کی واقفیت کے

طے پاتی ہیں۔

اس کے علاوہ، ہمارے اجسام میں برق کی پیداوار اور استعمال بغیر رُکے کے مسلسل ہوتا رہتا ہے۔ حتٰکہ جب جسم حالت سکون میں ہوتا ہے، الیکٹریکل سگنلس کی قلیل ترین مقداروں کا بہاؤ بھی مستقل طور پر جاری رہتا ہے، ایک سکنڈ کے ہزارویں وقفوں میں بھی جاری رہتا ہے۔ برقی مشینیں عمومی طور پر کی زندگی کا عرصہ 10 تا 20 سال تک ہوتا ہے، اور عام طور سے اِن کے کام کرنے کی مدت معیار کے بہت پہلے ہی سے اِنہیں مرمت کرنے اور پارٹ بدلنے کی ضرورت ہوتی رہتی ہے۔

تاہم اِس سے ہٹ کر بہت ہی استثنائی حالات میں بھی، اِنسانی جسم کے الیکٹریکل نظامس کے افعال، ایک سارے عرصہ حیات کے لئے، نہ تو کبھی رُکتے ہیں اور نہ کبھی کام کرنا بند کرتے ہیں۔

جسم کے مختلف نظامس، اور حتٰکہ واحد اعصابی خلیات — کوئی بھی اِنسانی ذہانت اور ذخیرہ کردہ علم کا استعمال کرتے ہوئے اِن میں سے کسی کی بھی نقل نہیں کر سکتے ہیں۔ گویا کہ اِن کی یہ پیچیدگی اس بات کی دلالت کرتی ہے کہ اِن کا وجود یا پیدائش اتفاق کا نتیجہ نہیں تھا۔ اِس الیکٹریکل نظام کی غیر موجودگی میں، جن کی تفصیلات کا ہم اِس کتاب میں مطالعہ کریں گے، دوسرے نظامس اِنسانی جسم میں اور اُن کے اعضاء میں اس قدر بے عیب طور پر اپنے افعال انجام نہیں دے سکتے ہیں، اِس لئے تدریجاً تکملات، جو کہ نظریہ ارتقاء کے اہم دعووں میں سے ایک ہے، کا وہاں پر کوئی سوال ہی نہیں پیدا ہو سکتا ہے۔

باوجود ایک ارتقاء پسند ہونے کے، حیاتیاتی ماہر، Hoimer von Ditfurth اپنی کتاب "The Secret Night of the Dinosours" میں اتفاق کے دعووں کے ناممکنات کو پیش کرتا ہے: جاندار ساختوں کے شماریاتی (Statistical) ناممکنات کے زیر بحث سوال میں کہ جاندار پہلے پہل اتفاقات سے پیدا ہوئے تھے، ایک عام اور عصر حاضر کے غیر معمولی سائنٹفک ڈویلپمنٹ کا حالیہ ٹاپک رہا ہے۔ حقیقت میں، ایک واحد پروٹینی سالمہ کی بناوٹ کے غیر معمولی خواص پر غائر نظر ڈالنے پر پتہ چلتا ہے کہ یہ سالمہ (Molecule)

کثیر حیاتیاتی افعال انجام دیتا ہے، کئی ایک جواہر کا مکسچر اپنے میں رکھتا ہے، تمام کا صحیح مقام اور صحیح آرڈر میں ہونا اور ساتھ میں اِس میں تمام ٹھیک سے الیکٹریکل اور میکانیکل خصوصیات کا پایا جانا، یہ سب کچھ کا بطور اتفاق کے وقوع پذیر ہوتا محض ناممکنات دکھائی دیتا ہے۔

اِنسانی جسم خود کے لئے درکار الیکٹریسٹی خود سے پیدا کرتا ہے۔ انسانی جسم میں کسی فعل کی انجام دہی کے لئے، ایک سگنل متعلقہ عضو یا بافت کو بھیجنا ہوگا۔ اگر ہم کو زندہ رہنا ہے تو، ہمارے اجسام میں کہیں بھی وہاں پر اتفاقات کے وقوع پذیر ہوتے رہنے کا کوئی سوال ہی نہیں ہوسکتا ہے، کیونکہ اتفاق کے اصطلاحوں میں حساب رکھنا جس طرح سے کہ لکھوکھا الگ الگ فیاکٹرس مل کر باہم کام کرتے ہیں ٹھیک طور سے صحیح سمت میں، صحیح لول پر، مقررہ ٹائمنگ کے ساتھ، بے عیب طور پر اور پوری طرح سے، مسلسل بغیر تھکے کے اور بے حد باہمی ارتباط سے 60 تا 70 سالوں تک ---- ناممکن ہوتا ہے۔

اگر ہر عضو کو آزادانہ طور پر کام کرنا ہوتا ---- کیا احکامات میں تاخیر متعلقہ مقامات تک پہنچنے میں یا اُن کو بے قاعدہ طور پر Attend کرنے کا امکان نہیں ہوتا، کیا اُس کا بڑا ہونا ہوتا اور کام کرنا ہوتا صرف جب کہ وہ کرنے کا انتخاب کرتا ---- تب ہم زندہ نہیں رہتے حتٰی کہ ایک لمحہ کے لئے بھی نہیں درہم برہم ماحول میں جو کہ پیدا ہوتا۔ علاوہ ازیں، محض ایک ہلکی سی تاخیر یا محض چند ایک خلیات کا اَبتری پیدا کرنا کافی ہوتا ایسے ایک درہم برہم ماحول کے پیدا ہونے کا موقع دینے کے لئے۔

حقیقت میں، ارتقاء پسند اتفاق کے تعلق سے اپنے دعووں کے ساتھ اپنی حیرت کو نہ چھپا پاتے جب وہ جسم میں پائے جانے والے بے داغ آرڈر کا سامنا کرتے ہیں۔ جب اُن سے پوچھا جاتا کہ کیسے یہ آرگنس اور نظامس انسانی جسم میں اُبھرے تھے اور ظاہر ہوئے تھے، اور وہ بھی صحیح صحیح مقامات پر اور ٹھیک صحیح شکلوں اور افعال کے ساتھ، تو اُن کو کوئی جواب بن نہیں پڑتا ہے۔ تاہم جواب صاف ہے: یہ قادر مطلق اللہ ہے، سارے جہانوں کا خالق، اُس نے بے عیب طور پر لایا ہے اِنہیں وجود میں: جس نے جو چیز بھی بنائی خوب بنائی۔ اور اِنسان کی پیدائش مٹی سے شروع کی۔ پھر اس کی نسل کو خلاصہ اخلاط یعنی ایک بے قدر پانی

سے بنایا، پھر اُس کے اعضاء درست کئے اور اُس میں اپنی رُوح پھونکی اور تم کو کان اور آنکھیں اور دِل دیئے۔ تم لوگ بہت کم شُکر کرتے ہو۔ (سورہ السجدہ، 9-7)

☆ اعصابی نظام: ہمارے اجسام میں سے الیکٹریسٹی کا سفر

سارے اِنسان ایک مرکزی اعصابی نظام رکھتے ہیں، جو کہ بہت ہی پیچیدہ حیاتیاتی نظام کے طور پر جانا جاتا ہے۔

اربوں اعصابی خلیات، یا نیورانس (Neurons)، اور کھربوں رشتے یہ اپنے میں رکھتے ہیں جو کہ اعصابی نظام کی اہم ساخت بناتے ہیں۔ مرکزی اعصابی نظام، 100 ارب سے زائد Neurons پر مشتمل ہوتا ہے۔

اور وہاں پر قریب 10 گنا بہت سارے مددگار خلیات (Helper Cells) بھی ہوتے ہیں جو Neuroglia کے نام سے جانے جاتے ہیں۔

ہمارے اجسام حیاتیاتی الیکٹریکل کیبلس سے آراستہ ہوتے ہیں، جو بطور Nerves کے موسوم ہوتے ہیں، یہ لکھوکھا میٹرس طول کے ہوتے ہیں۔ پیام رسانی یا خبریں اِن کیبلس کے ذریعہ قریب روشنی کی رفتار سے بھیجی جاتی ہیں۔ جس طرح سے Nerves ہمارے اجسام کے ہر نقطہ تک وسعت رکھتی ہیں، ایک حیرت انگیز آرڈر اپنے میں رکھتے ہیں۔ اور جس طرح سے احکامات اور خبریں ان کیبلس کی ذریعہ سے لے جائی جاتی ہیں، اپنے آپ میں معجزہ سے کم نہیں ہوتا ہے۔ باوجود کہ اعداد کے بہاؤ میں شدت کے ہونے کے، کوئی ابتری (Confusion) کبھی پیدا نہیں ہوتی ہے، اور ہر پیام بہت ہی احتیاط کے ساتھ اُس کی متعلقہ منزل تک پہنچایا جاتا ہے۔ اور حیرت ہے اِس بات کی کوئی پرواہ نہیں ہوتی کہ کس قدر مختلف حسّیاتی خبر بھیجی جارہی ہوتی ہے ---- متعلقہ ساز کو تم جون ہی مس کرتے ہو، اور کھائی جانے والی مٹھائی کا ذائقہ، گرما گرم تازہ تازہ روٹی کی بُو، یا ٹیلیفون کی آواز یا روشن دن کا منظر جو تمہاری آنکھوں میں داخل ہوتا ہے، محسوس کرتے ہو ---- ایسے ہی ترسیلی نظام کا استعمال ہوتا ہے۔ تمام خبریں، ہمارے حواس کے تعلق سے یا خیالات سفر

کرتے ہیں Nerve توسیعات میں، الکٹریکل متحرکیں کے فارم کے خفیہ تحریر میں، ایک موجی حالت میں۔ اگرچیکہ یہ الکٹریکل سگنلس جو کہ مستقل طور پر تمام جسم سے آتے جاتے رہتے ہیں، تمام ایک جیسے ہوتے ہیں، یہ ہم کو زبانِ حال سے ظاہر کرتے ہیں کہ دُنیا لاتعداد طور پر رنگ برنگی ہے تفصیلات میں زرخیز ہے۔

ہمارے اعصاب (Nerves) بھی ہم کو ہمارے اطراف پائی جانے والی دُنیا کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کا موقع دیتے ہیں، تبدیلیوں پر ردِ عمل کا تیزی سے اظہار کرنا، اور اِس کے علاوہ جسم کے افعال کے تمام اعضاء کو بطور ایک واحد ہستی کے کام کرنے کا موقع دیتے ہیں۔

Nerves، علاوہ اِس کے، جسم کے کمانڈ سنٹر، بھیجہ سے آرڈرس متعلقہ منزلوں تک منتقل کرتے ہیں — اس طرح لازمی طور سے، Nerves شاہراہ ہوتے ہیں جو احکامات کو منتقل کرتے ہیں جو کہ ہمارے اجسام کو زندہ اور صحت مند رکھتے ہیں۔

بھیجہ اور نخاعی ڈور (Spinal Chord) سے ہوتے ہوئے، وہ پھیل جاتے ہیں جسم کے تمام حصوں میں بہ شمول جِلد (Skin) ، رگ پٹھے (Muscles) حِسّیاتی اعضاء (Sensory Organs)، حتّٰی کہ دانت اور ہڈیوں کے اندرون تک کے۔

اگر اعصاب، تمہارے سیدھے ہاتھ کے سوائے جسم میں ہر جگہ پھیلے ہوئے ہوں، تو کیا واقع ہوگا؟ سب سے پہلے تمہارا ہاتھ کوئی احساسات نہیں رکھے گا۔ تم تمہارے چاقو سے کٹے انگلی کے درد کا احساس نہیں کروگے، اور تو اور تم کوئی بھی کام انجام دینے کے قابل نہ ہونگے جن کو کرنے کے لئے تم عام طور سے اُس سیدھے ہاتھ کا استعمال کرتے ہو۔ تم اپنی انگلیوں کی گرفت میں ایک پیالی کو نہیں لے سکتے ہو، ایک پنسل کو نہیں پکڑ سکتے ہو، ایک دروازہ کو نہیں کھول سکتے ہو، یا اپنے بالوں میں کنگھی نہیں کر سکتے ہو۔ المختصر، تمہارا سیدھا ہاتھ محض ایک جاندار گوشت اور ہڈی کے ایک حصّہ کے ہوگا۔

لیکن ایک صحت مند زندگی کے لئے صرف اعصاب کی موجودگی ہی کافی نہیں ہوتی ہے اُن کو جسم کے تمام حصوں کو بھی پہنچنا ہوتا ہے اور ساتھ میں ایک دوسرے کے ساتھ

میں ایک دوسرے کے ساتھ ربط رہنے کے قابل بھی ہونا ہوتا ہے۔

کیسے یہ اعصاب جو دھنسے رہتے ہیں سارے جسم میں اور کنٹرول کرتے ہیں تمام اُن کے بے عیب نظامس کو، اُن کے بارے میں یہ خیال کرنا کہ وہ محض آئے تھے اتفاق سے، سراسر ناممکنات میں ہوگا۔

دورِ حاضر کے ٹکنالوجیز سے بہت سارے مواقعات بہم پہنچانے کے باوجود بھی، سائنس داں کوئی بھی چیز مثل خلیہ (Cell) کے بنانے میں قابل نہیں رہے ہیں۔ اِرتقاء پسند اِس بات پر قائم ہیں کہ ایک خلیہ، خود سے اپنے طور پر، بے عیب طور پر ذمہ داریوں کو پورا کرتا ہے جبکہ اِنسان اِس کی نقل کرنے میں ناکام ہیں۔ لیکن اُن کا یہ دعویٰ منطق اور وجوہات سے میل نہیں کھاتا ہے۔ واضح طور پر، اعصابی نظام ہمارے اجسام کو پورے طور پر لپیٹے رہتا ہے اور دیکھ ریکھ کرتا ہے اور حتّٰی کہ شعوری کاروائیوں میں بھی مصروف رہتا ہے۔ بہر حال، یہ اعلیٰ شعور جو سائنس داں کو متحیر کرتا ہے، خلیات کی ملکیت نہیں ہوتا ہے۔ یہ خلیات — محض اعضوئے (Organelles) اور اُن کے بے شعور جواہر کے مجموعے ہوتے ہیں۔ یہ شعور اللہ کی ملکیت ہے جو ہم سب کا خالق ہے (سورہ بقرہ، 54)

☆ اعصاب (Nerves): ہمارے اجسام کے الکٹریکل کیبلس

الکٹریسٹی کیبلس، دو اہم اجزاء پر مشتمل ہوتے ہیں: اندرون، وہاں پر عام طور سے ہوتا ہے ایک کاپرواٹر، جس سے برقی روگذرتی ہے، اور بیرون اور اِس کے اطراف، وہاں پر غلاف ہوتا ہے جو ایک قسم کے حاجز مادے (Insulating میٹیریّل) سے بنا ہوتا ہے جو الکٹرانس کو اُن کے مقررہ راستہ سے بچ نکلنے کو روکتا ہے، تاکہ الکٹریسٹی شارٹ سرکٹ کے نتیجہ میں ضائع ہونے نہ پائے۔

اعصابی خلیات بھی ٹھیک سے وہی ڈزائن رکھتے ہیں جیسا کہ ایک الکٹرک کیبل رکھتا ہے: اندرون میں بہت ہی باریک ریشے (Fibers) ہوتے ہیں جس میں سے جسم کی برقی روگذرتی ہے۔ ان کے اطراف ایک حاجز بافت (Insulating Tissue) جو

Schwann Sheath کہلاتی ہے، جو نیورولاجیکل شارٹ سرکٹ کو روکتی ہے۔ جب Sheath کسی وجہ سے خراب ہو جاتی ہے —— ایک وائرس سے بطور مثال کے —— تب Nerve سے گذرنے والی برقی رو بافتوں میں سے مُنتشر ہو جاتی ہے، نتیجہ میں جزوی یا مکمل فالج ہو جاتا ہے، ٹھیک ویسے ہی جیسے ایک الیکٹریکل کیبل اپنے کارکردگی کو کھو دیتا ہے جب اُس کا ربر کا غلاف پھٹ پڑتا ہے یا جل اُٹھتا ہے۔

تمام اعصاب کے اندرونی ریشے اپنے میں الیکٹریکل چارجس رکھتے ہیں۔ الیکٹریسٹی Fibers کے باہر مثبت چارجڈ ہوتی ہے اور اندرون میں منفی چارجڈ ہوتی ہے۔ جون ہی ایک Nerve یا عصب مس کی جاتی ہے ایک الیکٹریکل لہر پیدا ہوتی ہے۔ مثبت طور پر چارجڈ Nerve Sheath, ions میں داخل ہوتے ہیں جبکہ منفی Nerve Fiber, ions کے بیرون حرکت کرتے ہیں، اسی طرح ایک برقی رو کی ابتداء ہوتی ہے۔ نتیجہ میں، متعلقہ Muscle یا عضو کام کرنے لگتے ہیں۔ ایک دفعہ برقی رو منتقل ہو جاتی ہے، تو ہر چیز اپنے نارمل حالت کی طرف پلٹتی ہے۔ مثبت طور پر چارجڈ ions پھر Nerve Fiber کے بیرون بہنے لگتے ہیں، منفی چارجڈ ions اندرون جانب لوٹتے ہیں۔ اِس طرح سے Nerve Fiber دوسری لہر Impulse کے لئے تیار ہو جاتا ہے۔

اِس مستقل طور پر بار بار دھرائے جانے والے طریقہ عمل کا شکریہ، یہ کارروائیاں (Activities) ہر وقت جاری رہتی ہیں اور جو ہمیں زندہ رکھتی ہیں۔

بہر حال، یہ طریقہ عمل بڑی حد تک بہت تفصیلی ہوتا ہے اور بہت زیادہ پیچیدہ ڈزائن رکھتا ہے مقابلتاً جو کچھ کہ یہاں اجمالاً پیش کیا گیا ہے۔ ہمارے الکٹران خوردبینوں کی Imaging Power جتنی زیادہ بڑھتی جاتی ہے، اُتنی ہی پیچیدگی سائنس دانوں کو حیرت میں ڈالنے اُبھرتی جاتی ہے۔ خلیات کے ڈزائن جو Nerves کو بناتے ہیں حیرت انگیز تفصیلات سے بھری ہوتے ہیں جو کہ ہمارے قادر مطلق اللہ کی بے انتہا طاقت کا مظاہرہ کرتے ہیں:

''اللہ ہی کے لئے سلطنت ہے آسمانوں کی اور زمین کی اور جو کچھ اِن کے بیچ میں

ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔'' (سورہ مائدہ، 120)

☆ Neurons: خلیات جو برقی رو پیدا کرتے ہیں

Nerves جو ہمارے جسموں میں دھنسی ہوتی ہیں سینکڑوں، اور بعض اوقات ہزاروں Nerve Cells پر مشتمل ہوتی ہیں جو 'Neurons' کہلاتے ہیں۔ ایک اوسط Neuron 10 مائکران کی جسامت رکھتا ہے۔ (جہاں ایک مائکران، $\frac{1}{1000}$ ملی میٹر کے برابر ہوتا ہے۔)

اگر ہم ایک سوا رب Neurons کو ایک سیدھ میں رکھنے کے قابل ہوتے تو اُن کی یہ Line ایک سو کلومیٹرس (62 میل) پر محیط ہوتی۔ لیکن یہ Line کی موٹائی صرف 10 مائکرانس ہوتی، جو خالی آنکھ سے نا قابل دید ہوتی۔ ذیل کے تقابل کے ساتھ، تم Microns کی نازک جسامت کا اپنے سوچ کے حیطۂ ادراک میں اندازہ لگا سکتے ہیں، اِس جملہ کے آخر میں لگے ایک Period میں 50 نیورانس فِٹ ہو سکتے ہیں اور ایک Pin کے Head میں تیس ہزار Neurons سما سکتے ہیں۔

الکٹریکل اِمپلسس کو سارے جسم میں لے جانے کے لئے نیورانس پیدا کئے گئے ہیں۔ اکثر Neurons کا کام اطراف و اکناف کے نیورانس سے آنے والے سگنلس کو حاصل کرنا ہوتا ہے اور تب اُنہیں دوسرے قریبی Neuron کو منتقل کرنا ہوتا ہے یا آخری مقررہ، خلیہ تک پہنچانا ہوتا ہے۔ Neurons ایک دوسرے کے ساتھ ارتباط باہمی رکھتے ہیں، انجام دیتے ہوئے ہزار ہا ایسے طریقہ ہائے عمل ہر سکنڈ میں۔

ہم ایک Neuron کا تقابل ایک الکٹریکل سِوِچ سے کر سکتے ہیں جو کھلتا اور بند ہوتا ہے، جسکا دارومدار حالات پر ہوتا ہے۔ خود اسے اپنے طور پر، ایک Neuron، اعصابی نظام کے ربط باہمی سرکٹس کا صرف ایک بہت ہی چھوٹا سا جُز بناتا ہے۔ لیکن اِن ننھے الکٹریکل سرکٹس کی غیر موجودگی میں، زندگی ناممکن ہوتی ہے۔

جنرل فِڈرل اِنسٹیٹیوٹ آف فزکس اور ٹکنالوجی کے پروفیسر ورنر گِٹ بیان کرتا

ہے کہ یہ زبردست پیچیدہ اعصابی نظام سمٹ سمٹا کر اِس چھوٹے سے رقبہ میں سما گیا ہے: اگر یہ ممکن ہوتا بیان کرنا [اعصابی نظام] بطور ایک سرکٹ ڈائیگرام کے، [ساتھ ہر نیوران کے] جو نمائندگی کرتا ہوتا ایک واحد Pin head سے، ایسا ایک سرکٹ ڈائیگرام گھیرا ہوتا متعدد کلو میٹرس کا ایک رقبہ...... [وہ ہوتا] متعدد بار 100 گُنا زیادہ پیچیدہ مقابلہ میں سارے گلوبل ٹیلیفون نٹ ورک کے۔

جیسا کہ وہ زور دیتا ہے، اعصابی نظام ہمارے اجسام کے افعال میں مثل ایک بہت ہی پیچیدہ معلوماتی نٹ ورک کے ہے، جو انحصار کرتا ہے تمام Neurons پر انجام دینے اپنے فرائض کو بہ حسن و خوبی ساتھ موزونیت (تال میل) کے، Impulses کے ارتباطی حرکات کے ایک Neuron سے اگلے تک، ہر عضو، رگ پٹھے، جوڑ، نظام اور خلیہ کا اُس کے افعال انجام دینا بغیر کسی واقف حکم کے یا تمہاری نگرانی کے۔ علاوہ ازیں، اگرچہ لکھوکھا خلیات تمہارے جسم میں ہر دن مرنے کے بعد یہ مردہ خلیات تمہارے جسم سے ایسے ایک طریق سے خارج کئے جاتے ہیں جو کوئی بگاڑ اِس کے توازنات اور افعال میں نہیں پیدا کرتے۔ پھر ایک ہر غلطی سے پاک اِس نظام کے ذریعہ، نئے خلیات اُن کی جگہ لے لیتے ہیں جو کہ مر گئے ہوتے ہیں۔ ایسا کچھ ہمہ وقت ہوتے رہنے میں، وہاں پر وقت یا پیمائشات کے شرائط میں ذرہ برابر بھی غلطی ہونے نہیں پاتی ہے۔ اِن سارے کاروائیوں پر ہمارا کوئی کنٹرول نہیں ہوتا ہے، اور صحت مند زندگیوں سے استفادہ کرنا جاری رہتا ہے جب تک کہ اِن میں سے کوئی بھی کسی بگاڑ میں مبتلا نہیں ہوتا ہے۔

اگر تم ایک ٹوٹے ہوئے شیشے پر قدم ڈالتے ہیں جبکہ تم ننگے پیر ہوتے ہو، صرف ایک سیکنڈ کے ہزارویں حصوں کے چند ہی اجزاء، گلاس کے تمہارے پیر میں چُبھنے اور تمہارے بھیجہ کے درد کے محسوس کرنے کے درمیان، ابھی ٹھیک سے گذرنے نہیں پاتے کہ اِس وقفہ کے دوران ––– جو اس قدر مختصر ہوتا ہے کہ تم کو اِس وقفہ سے واقف ہونا بھی ناممکن ہوتا ہے ––– اِس خلیل ترین وقفہ میں تمہارے پیر سے تمہارے بھیجہ کو ایک پیغام بھیجا جاتا ہے، تب ایک فوری اور بے عیب ترسیل Neurons سے لے جائی جاتی ہے۔ اِس طرح سے، تم

اپنا پیر زمین سے اوپر اٹھاتے ہیں قبل اِس کے کہ وہ مزید زخمی نہ ہو سکے۔

یہ پورے طور پر ممکنات کے حدود سے آگے کی بات ہوتی ہے ایسے ایک نظام کے لئے پیدا کرنا ایسا کچھ اچانک طور پر۔ بہر حال، بعض حلقہ جات جو آنکھ موچ کر نظریہ اِرتقاء کی تائید کرتے ہیں، اِس پرفکٹ آرڈر کی ایک جسم میں، علی الحساب کے اتفاقات کی اصطلاحوں میں توجیہہ پیش کرنے کے متلاشی ہوتے ہیں۔ ہم بتلا سکتے ہیں کہ محض کس قدر یہ دعوے بے معنی ہوتے ہیں، ذیل کی مثال کے ساتھ۔

تمہارے اطراف پائے جانے والے برقی مشینوں کو دیکھو، اُن میں سے ہر ایک خاص طور سے پلاسٹک اور الکٹرانک ساز و سامان، بٹنس کیبلس اور دوسرے اجزاء کیساتھ ڈزائنڈ ہوتے ہیں اور ایک خاص مقصد کیلئے ہوتے ہیں جو کہ تمہاری زندگی کو آسان تر بناتے ہیں۔

درجنوں انجینیرس اِن کے پیچھے کام کرتے ہیں، ایک واحد ہیر ڈرائر کے لئے، ساتھ میں مختلف پودوں کے استعمال کے، متعدد سائنس کی شاخوں کے اور ڈزائنس کے ماہرین کے متعلقہ فیلڈ میں۔ نتیجہ ایک آلہ کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے جو کہ کارکرد ہوتا ہے اور استعمال میں آسان ہوتا ہے۔ کوئی بھی حقیقت پسند شخص منطقی طور پر یہ نہیں کہہ سکتا کہ ایسی ایک مشین اتفاق کے نتیجہ میں وجود میں آئی ہے تمہارا جسم، بہر حال، ایک الکٹریکل نظام رکھتا ہے جو بہت زیادہ پیچیدہ ہوتا ہے مقابلہ میں جو کہ ایسے کوئی ایک الکٹریکل آلہ میں پایا جاتا ہے۔

جسم کے الکٹریکل نظام سے متعلق حیرت انگیز مُبینہ حقائق کا وجود میں آنا اتفاق سے، اور زیادہ بعید القیاس باتیں ہوتی ہیں، جن پر رتی برابر بھی یقین نہیں کیا جا سکتا ہے۔

☆ نیورانس، سگنلس لے جانے کے لئے ہی خاص طور پر تخلیق کئے گئے ہیں

تمام نیورانس (Neurons) ایک، ایک مرکزہ (Nucleus) رکھتے ہیں، ننھے رشتے (Short Fibers) بطور Dendrites کے جانے جاتے ہیں جو الکٹریکل سگنلس

لیتے لے جاتے ہیں، اور ایک لانبا Axon, Fiber کہلاتا ہے جو طویل فاصلوں تک سگنلس لے جاتا ہے۔ عصبی خلیہ (Nerve Cell)، جو ایسا باریک ہوتا ہے جیسے ریشم کا دھاگہ، اور لمبان میں اندازاً ایک میٹر (3.2 فٹ) ہوتا ہے۔ سگنلس کو بعض اوقات حتٰی کہ طویل تر فاصلے اعصاب کے ساتھ طے کرنا ہوتا ہے۔

Neuron کے Body کو ایک ٹیلیفون سوئچ بورڈ سے، تشبیہ دینا مناسب ہوتا ہے، جو اعلیٰ ٹیکنالوجی سے آراستہ ہو۔ بہر کیف، اُس کے خلیاتی ابعاد کے ساتھ جو 0.004 اور 0.1 (ملی میٹر) کے درمیان بدلتے ہیں اور چوڑائی ریجنگ ترسیلی میکانیزمس، اِسکا نمونہ ٹیلیفون آکچنج کی ماڈرن دُنیا میں مساویانہ طرز پر نہیں ہوسکتا ہے۔ دوسرے خلیات کے مقابلہ میں، Dendrites, Neurons اور Axons دونوں اپنے میں رکھتے ہیں، جو خبر رسانی کے خطوط پیدا کرتے ہیں جو Cell کو موقع دیتے ہیں اُس کے سگنلس دوسروں کو بھیجنے کا۔ Dendrites کا کام پیامات وصول کرنا اور Axons کا کام اُنہیں بھیجنا ہوتا ہے۔

ایک Neuron، ایک Impulse (متحرک) کو ایک سیکنڈ کے ہزارویں حصہ میں بھیج سکتا ہے۔ اِس کا مطلب یہ کہ ایک واحد Neuron ایک سیکنڈ میں ایک ہزار سگنلس بھیج سکتا ہے۔ عموماً، بہر حال، منتقلی کا رینج 10 تا 500 Impulses فی سیکنڈ کے حساب سے ہوتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ لمبائی کے اور کم سے کم لمبائی کے مضبوط اعصابی ریشے (Nerve Fibers)، الکٹریسٹی 152 میٹرس (500 فٹ) فی سیکنڈ کی رفتار سے منتقل کرتے ہیں۔ اور اُن میں سے کمزور اور نازک 1 میٹر (3.2 فٹ) فی سیکنڈ سے بھیجتے ہیں۔

معلومات بغیر کسی نقصان کے Neurons میں بھیجی جاتی ہیں اور ایک بہت ہی حیرت انگیز طور پر صحیح منزل کو پہنچائی جاتی ہیں۔ بہر حال، جس رفتار سے یہ مظاہر وقوع پذیر ہوتے ہیں حیرت سے کچھ کم نہیں ہوتے ہیں۔

تمہارے جسم میں موجود تمام پیچیدہ نظاموں کا اگر خیال کرتے ہیں، تب جو مُبینہ حقائق کی تمہارے اعصابی خلیات (Nerve Cells) میں سے منتقلی نسبتاً قدرے سُست

ہوتی ہے واقعتاً اُن کی اصلی رفتار سے: کسی کام (Events) کے ہونے کے صرف چند گھنٹے بعد ہی تم ایک بات (View) کی خوبصورتی کی قدردانی کر سکتے ہو، ذائقہ غذا کا جو تم کھاتے ہو، یا یہ کہ کسی چیز کو جس کو تم مَس کرتے ہو وہ اِس قدر گرم ہوتا کہ تمہاری انگلیوں کو جلا ڈالے، ایک سوال کا جواب دینے تم کو درجنوں منٹس درکار ہوتے۔ گلی کے ایک طرف سے دوسری طرف جانے، یا موٹر چلانے، اُٹھانے ایک فارک (Fork) تمہارے مُنہہ تک، لباس کے ایک جُز کو جو تم پسند کرتے ہو، پر رائے زنی کرنے کے لئے، اور بے شمار طرز عمل کے دوسرے اشکال جو حالات میں طوالت لا سکتے تھے جو تمہارے لائف اسٹائل کے، سنجیدگی کے، برعکس، یا جو کہ حتٰی کہ تمہاری زندگی کے لئے خطرناک ہوتا ہو۔

وقفہ جات اوقات میں درمیان میں ایک واقعہ ہونے کے اور اُس کے تمہارے لئے سمجھنے میں اور قابل ہونے پر بات کرنے کے زندگی کو مشکل بنا دے سکتے ہیں۔

اس کے علاوہ، یہ تمثیل صرف اُن افعال کو زیر بحث لاتی ہے جو ہم اپنے طور پر رضا کارانہ انجام دیتے ہیں۔ جسم بھی ہماری لاعلمی میں کئی ایک کاروائیاں انجام دیتا ہے، جیسے کہ دل کی دھڑکن وغیرہ۔ کسی قسم کی بھی تاخیر ان افعال سے متعلق سگنلس میں، مہلک نتائج کا باعث ہوسکتی ہے۔

بہر حال، ہمارے آقا کی مہربانی سے، جو بڑا رحم والا اور مہربان ہے، ہر چیز انسانی جسم میں ٹھیک ویسے ہی ہوتی ہے جیسا کہ اُسے ہونے کی ضرورت ہوتی ہے۔

قرآن کی ایک آیت میں اس بات کا اظہار ہے کہ اللہ نے تمام اشیاء کو اُن کے موزوں پیمانوں میں پیدا کیا ہے:

''اللہ جانتا ہے جو کچھ کہ ماں اپنے رحم میں رکھتی ہے اور اِس کے ہر سکڑاؤ اور پھیلاؤ کو جانتا ہے، اور ہر چیز کا اُس کے یہاں ایک پیمانہ (اندازہ) ہے۔''

(سورہ الرعد، 8)

☆ ڈنڈرائٹس اور آگزانس:

کیبلس جو ہمارے اجسام کے اطراف ہوتے ہیں

ڈنڈرائٹس، ننھے اُبھاروں کی ایک کثیر تعداد پر مشتمل ہوتے ہیں اور ان کو Cell Root سے بھی تشبیہہ دی جاتی ہے۔ اُن کے شاخدار ساخت کے ساتھ، ڈنڈرائٹس دوسرے Neurons سے آنے والے رپورٹس کو وصول کرتے ہیں اور اِنہیں جسمانی خلیہ کو بھیجتے ہیں۔ ہر Neuron قریب ایک لاکھ شاخدار ڈنڈرائٹس رکھتا ہے جو آنے والے پیامات کو متعلقہ خلیہ تک لے جاتے ہیں۔

با الفاظ دیگر، ڈنڈرائٹس مثل اِلکٹریکل کیبلس کے ہوتے ہیں، بھیجتے ہوئے سگنلس کو داخل ہونے متعلقہ خلیہ میں۔

اگزانس عموماً Sense Receptors سے معلومات بھیجہ اور نخاعی ڈور کو لے جاتے ہیں یا احکامات واپس مسلس، غدود اور اندرونی اعضاء تک پہنچاتے ہیں۔ ایک اگزان ایک لمبا فائبر ہوتا ہے، عموماً ایک واحد اُبھار (Protrusion) پر مشتمل ہوتا ہے، تاہم خلیاتی جسم سے اُبھرتا ہے اور جس کے ذریعہ سگنلس بھیجے جاتے ہیں۔ انفرادی طور پر اگزانس قطر میں خوردبینی ہوتے ہیں— عام طور سے قریب ایک مائکرومیٹر وسعت (1 um) میں۔ لیکن ہوسکتا ہے۔ بعض خالی آنکھ سے بھی نظر آسکے یا 1 ملی میٹر سے بھی بڑا لگے۔ انسانی جسم میں طویل ترین اگزانس، بطور ایک مثال کے، Sciatic Nerve کے ہوتے ہیں، جو نخاعی ڈور کے Base سے ہر پیر کے انگوٹھے تک دوڑتے ہیں۔ یہ واحد خلیاتی فائبرس (Fibers)، Sciatic Neve کے، وسعت میں ایک میٹر یا اور زیادہ لانبے ہوسکتے ہیں۔

دوسری اہم خصوصیت یہ ہے کہ ایک واحد اگزان اپنے آپ کو زیادہ سے زیادہ دس ہزار ٹرمینلس میں یا اِختتامی قطعات میں بانٹ لینے کے قابل ہوتا ہے۔ اِس طرح سے، ہر ٹرمینل ایک مختلف Neuron سے ربط رکھ سکتا ہے، اور ایک سے زائد قطعات کو ایک ساتھ

متحرک ہونے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ چونکہ کوئی بھی ایک واحد Neuron دوسرے ہزار سے زائد Neurons سے سگنلس وصول کرسکتا ہے، وہ بہ ایک وقت دس لاکھ معلوماتی اجزاء لے جاسکتا ہے — یہ ایک حیران کُن عدد ہے۔ یا صلاحیت ایک بہت اہم کردار کا مظاہرہ کرتی ہے جو ایسے حالات میں جبکہ ایک مسل فائبر کو سرگرم ہونے کی ضرورت لاحق ہوتی ہے۔

اِن ساختوں کے ساتھ، ہر Nerve Cell، مثل ایک گھنے نٹ ورک کے، جو ایک لانبے رنجیرون (Chairs) پر مشتمل ہوتا ہے، ظاہر ہوتا ہے۔

اگر Nerves ایسی ایک ساخت نہیں رکھتے ہوتے، تب ہر واحد سگنل کو یکے بعد دیگرے کے لحاظ سے منتقل ہونا پڑتا تھا۔ ایسا ہوتا تو سگنلس کا جانا آنا دھیما پڑ جاتا اور رفتار میں خطرناک حد تک نقصان ہوتا اور جسم میں سگنلس کے منتقلی کی پیچیدگی خطرے میں پڑ جاتی۔

ہم اگزان کے ٹرمینلس کا ڈنڈرائٹس کے سِروں پر موزونیت کی تشبیہ پلگس کا ساکٹس کے ساتھ موزونیت ہوتی ہے۔ اس لئے، اِس طرح سے یہ کہ ایک برقی رُو ساکٹ سے پلگ کی طرف بہتی ہے، برقی سگنلس دو Nerve Cells کے درمیان جاری رہتا ہے۔

اگزان پر یہ ربطی نقاط دوسرے Cells کے Receptors سے منسلک ہوتے ہیں اور معلومات یا احکامات کو خلیات کے درمیان منتقل ہونے کا موقع فراہم ہوتا ہے، جس طرح سے وہ موقع فراہم کرتے ہیں ترسیلات کا مختلف نقاط کے درمیان، اعصابی نظام میں، اگزانس کا تقابل بطور واسطوں (Links) سے ہوتا ہے جو الکٹریکل سرکٹ کے ایک حصہ کو دوسرے حصّہ سے جوڑتے ہیں۔

ہمارے اجسام کے باہمی ارتباط اور ترسیلات کیلئے ان خصوصیات میں سے ہر ایک لازمی ہوتی ہے۔ صحت مندانہ زندگیاں گزارنے کیلئے ہماری صلاحیت اور ہمارا خود کا وجود کا انحصار ان تفصیلات پر ہوتا ہے جو بے عیب طور پر اپنے افعال انجام دیتے ہیں۔ ان کی تخلیق کے پیچھے کے مقاصد میں سے ایک ہمارے آقا کی کاریگری اور لامحدود علم کو ظاہر کرنا ہوتا ہے۔ ہمارے آقا کی بڑائی کو سراہنے اور موزوں طور پر اُس کے شکر گزار ہونے کی ہم سب کی ذمہ داری ہوتی ہے:

''اللہ جس نے بنایا ہے تمہارے واسطے رات کو کہ اِس میں تم چین پکڑو اور دن

بنایا ہے دیکھنے کے لئے، اللہ تو فضل والا ہے لوگوں پر، اور لیکن بہت لوگ حق نہیں مانتے ہو، وہ اللہ ہے رب تمہارا، ہر چیز بنانے والا، کسی کی بندگی نہیں اُس کے سوائے، پھر کہاں سے پھرے جاتے ہو۔'' (سورہ گھافر (المومن)، 61, 62)

☆ اُمور معلومہ (احکامات و ترسیلات) کی دو Neurons کے درمیان منتقلی میں مقام اتصال (Synapses) کا کردار

دو Neurons کے Axons (آگزانس) کے درمیان کے وقفہ جات Synapses (Gaps or Spaces) کہلاتے ہیں۔ دو Neurons کے درمیان ترسیل قائم ہوتی ہے اور رکھی جاتی ہے، اِن کے ٹرمینل کے انسلاکی نقاط پر۔

اِسی لحاظ سے ایک ٹیلیفون سوچ بورڈ، ایک کثیر تعداد کے بات کرنے والوں کو ایک دوسرے سے، اُسی وقت، بات کرنے کا موقع دیتا ہے، اِسی طرح ایک Neuron اِن Synapses کی مدد سے کئی دوسرے Neurons کے ساتھ خبر گیری کرسکتا ہے۔ ہر Neuron قریب لکھوکھا Synapses اپنے میں رکھتا ہے، اِس کا مطلب ہے کہ ایک Neuron، لکھوکھا دوسرے الگ الگ Nerve Cells سے رابطے قائم کرسکتا ہے۔

حتٰکہ اگر ہم خیال کرتے ہیں کہ لکھوکھا ٹیلیفونی گفتگو منتقل ہوسکتی ہے اُسی وقت، ایک واحد ٹیلیفون جال (نٹ ورک) سے، یہ صلاحیت ہنوز انسانی بھیجہ سے بہت پیچھے رہتی ہے، جو کہ ایک Quadrillion ترسیلات، بھیجہ میں واقع ایک Synapse سے طے پاتے ہیں۔ خیال کرو کہ کس قدر مشکل ہوتا ہے ایک شخص کے لئے جب کہ وہ ایک 10-Line سوچ بورڈ پر کام کرتا ہے۔

تم زیادہ بہتر سمجھ سکتے ہو کہ کیسے ایک واحد Nerve Cell کا ایک ساتھ، دس ہزار رابطے پیدا کرلینا، ہوتی ہے ایک شہادت، ایک غیر معمولی تخلیق کی۔ ایک Neuron، آنے والے سگنلس کو جمع کرتا ہے، فیصلہ لیتا ہے اگر جملہ آنے والے پیامات کافی کثیر تعداد

میں ہوں، اور اُنہیں دوسرے Neuron تک پہنچنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ Synapses (دو نیورانس کے درمیانی Gaps) دو نیورانس کے درمیانی رابطے کے نقاط، منتقل ہونے والے سگنلس کی سمت کا تعین ہونے پر، پیامات کی تقسیم پر کنٹرول کرتے ہیں۔ جاری رکھنا یا روکے رکھنا آنے والے سگنلس کو جو اعصابی نظام کے مختلف حصوں سے آتے ہیں، بعض اوقات Synapses کھلے رہتے ہیں اور دیگر وقتوں میں، وہ بند ہوتے ہیں۔ اِس لحاظ سے، Synapses کمزور سگنلس کو روکتے اور مضبوط کو گزرنے دیتے ہیں۔

اُسی وقت، وہ ایک چنندہ فعل بھی فراہم کرتے ہیں انتخاب کرکے اور بڑھا کے بعض کمزور سگنلس کو اور اُنہیں آگے بڑھاتے ہوئے —— نہ کہ ایک واحد سمت میں بلکہ بہت سارے سمتوں میں بھی جس طرح سے کہ Neurons سگنلس جمع کرتے ہیں اور اُنہیں آگے منتقل کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تم کو یہ خیال کرنے پر مائل کرسکتا ہے کہ وہ باخبر انسانی ذہانت سے کچھ مشابہت رکھتے ہیں۔ بہر حال، اِس ذہانت کا اظہار محض بہت ہی خاص طور سے مرتب کردہ سالموں (Molecules) کے گروپس سے ہوتا ہے، جو بغیر کسی غور وفکر کی صلاحیت کے، اور نہ کوئی Organs کے جو کہ اُنہیں سمجھنے کا موقع دینے کے ساتھ ہوتے ہیں۔ سالموں کے ایک ایسے گروپ کی صلاحیت، جو بے عیب طور پر ایسے غیر معمولی طور پر اہم ذمہ داریوں کو انجام دیتے ہیں، وہ ایک علامت اللہ کے نگہبانی کی اور دائمی حکومت کی جانداروں پر ہوتی ہے۔

یہ اللہ ہے، سارے جہانوں کا رب، جو اِن ہر عیب سے پاک طریقہ ہائے عمل کے جاری رہنے کا سبب ہوتا ہے۔

''میں نے بھروسہ کیا اللہ پر جو رب ہے میرا اور تمہارا، ایسا کوئی نہیں ہے زمین پر پاؤں دھرنے والا مگر اللہ کے ہاتھ میں ہے چوٹی اُس کی، بے شک میرا رب ہے سیدھی راہ پر۔''
(سورہ ہود، 56)

☆ Synapses اور مستقل طور پر رواں دواں برقی رو

Synapses، یا دو نیورانس (2 Nerve Cells) کے درمیانی Gaps، اِس

قدر چھوٹے ہوتے ہیں کہ وہ دیکھے جاسکتے ہیں صرف جبکہ وہ خورد بین پر ہزار ہا گنا بڑھائے جاتے ہیں۔ تاہم یہ Gap دوخلیات کے درمیان میں بھی کافی وسعت رکھتا ہے، رُوکنے کسی بھی الکٹریکل لہر کو پھلانگنے سے ایک خلیہ سے دوسرے تک۔ باوجود کے اربوں نیورانس کے ہونے اعصابی نظام میں، وہ کبھی کسی صورت میں ایک دوسرے سے مس ہونے نہیں پاتے۔ اس لئے، جسم کے الکٹریکل نظام کے زاویۂ نگاہ سے، ہر Synapse رکھتا ہے ایک رُکاوٹ جس پر قابو پانا ہوتا ہے۔ پھر بھی ہر چند کہ وہ ایک دوسرے سے الگ ہوتے ہیں، کوئی فروگذاشت یا سہو جسم کے Nerve Network میں کبھی نہیں دیکھا گیا ہے، کیونکہ سگنلس جو کہ برقی طور پر منتقل ہوتے ہیں Neurons کے اِن Spaces سے کیمیکل فارم میں، اُن کے درمیاں سے گذرنا جاری رکھتے ہیں۔

